خبرنامہ ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی (٦٨)

☆صدرِ ادارہ و امیر جماعت اسلامی ہند مولانا سید جلال الدین عمری کی نئی تصنیف 'سبیل رب' (دعوت الی اللہ کا راستہ) مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے منظر عام پر آئی ہے۔ اس میں سورۂ النحل، آیت ۱۲۵ کی روشنی میں دعوت کے لیے حکمت، موعظۂ حسنہ اور جدالِ احسن کی بہت مؤثر اور دل نشیں تشریح کی گئی ہے۔ صفحات: ۴۸، قیمت ۔/۴۵ روپے

☆مولانا عمری نے امسال عید الفطر (۱۴۳۹ھ۔ ۱۶/جون ۲۰۱۸ء) کے موقع پر جو خطبہ مرکز جماعت کی مسجد اشاعتِ اسلام میں دیا تھا اس کا موضوع 'انابت الی اللہ تھا۔ اس میں مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف پلٹنے اور اپنے مسائل میں اسی سے نصرت طلب کرنے کی تلقین کی گئی تھی۔ اس میں عید ملن کے موقع پر کی گئی مولانا کی تقریر کو شامل کرکے مرکزی مکتبہ نے کتابی صورت میں شائع کر دیا ہے۔ صفحات: ۱۶، قیمت: ۲۵/روپے

☆گزشتہ برس جماعت اسلامی ہند کی کل ہند مسلم پرسنل لا بیداری مہم کے موقع پر سکریٹری ادارہ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی کی تیار کردہ کتاب اردو زبان میں شائع کی گئی تھی اور مختلف زبانوں میں اس کا ترجمہ کرواکے بڑے پیمانے پر اس کی تقسیم عمل میں آئی تھی۔ اب مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نے دوبارہ اسے اردو اور انگریزی میں طبع کر دیا ہے۔ عائلی زندگی کے اسلامی اصول: اخلاقی اور قانونی پہلو، صفحات: ۴۰، قیمت: ۳۰/روپے، Muslim Personal Law : Moral and Legal Issues صفحات: ۵۲، قیمت: ۳۵روپے

☆رکنِ ادارہ مولانا کمال اختر قاسمی کی نئی تصنیف 'اسلامی معاشرہ کی خصوصیات' مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے طبع ہوئی ہے۔ اس میں مغربی معاشرہ اور ہندو سماج کا تقابل کرتے ہوئے اسلام کی معاشرتی اور عائلی تعلیمات کو نمایاں کیا گیا ہے۔ صفحات: ۲۰۸، قیمت ۔/۱۵۵ روپے

☆ادارہ کے توسیعی خطبات پروگرام کے تحت ۱۳/مئی ۲۰۱۸ء کو ادارہ کے کانفرنس ہال میں پروفیسر محمد یوسف امین (شعبۂ علم الادویۃ، اجمل خاں طبیہ کالج، مسلم یونی ورسٹی) نے 'مغربی جدیدیت اور انسانی تہذیب میں اس کا مقام' کے عنوان سے خطبہ پیش کیا۔ پروفیسر احتشام احمد ندوی، سابق ڈین آرٹس فیکلٹی، کالی کٹ یونی ورسٹی کیرلا نے اجلاس کی صدارت کی۔

☆ ترکی کے موجودہ حالات پر ۴/مئی ۲۰۱۸ کو جماعت اسلامی ہند، اے ایم یو ایریا کے اشتراک سے ادارہ میں ایک مجلسِ مذاکرہ بہ عنوان 'ترکی کا سیاسی منظر نامہ اور تحریکاتِ اسلامی' کا انعقاد کیا گیا، جس میں پروفیسر عبید اللہ فہد فلاحی، چیرمین شعبۂ اسلامک اسٹڈیز، مسلم یونی ورسٹی، پروفیسر محمد سعود عالم قاسمی، سابق ڈین، شعبۂ سنّی تھیالوجی، مسلم یونی ورسٹی اور ڈاکٹر محمد طارق ایوبی ندوی، مہتمم مدرسۃ العلوم الاسلامیۃ علی گڑھ نے خطاب کیا۔ پروفیسر کفیل احمد قاسمی، سابق چیرمین شعبۂ عربی مسلم یونی ورسٹی نے پروگرام کی صدارت فرمائی۔ اس میں ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی نے ڈاکٹر طارق ایوبی کی عربی سے ترجمہ کردہ کتاب 'رجب طیب اردوغان' پر مبسوط تبصرہ کیا۔

☆ ادارہ کے زیر تربیت طلبہ کی انجمن 'رائٹرس فورم' کے پروگرام مسلسل جاری ہیں۔ ایک پروگرام ۱۴/اپریل ۲۰۱۸ء کو پروفیسر مفتی محمد زاہد، شعبۂ سنّی دینیات، مسلم یونی ورسٹی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اس میں ادارہ کے اسکالر محمد شعیب ندوی نے 'عورت کا منصبِ امامت: ایک جائزہ' کے عنوان سے مقالہ پیش کیا۔ دوسرا پروگرام ۱۰/مئی ۲۰۱۸ء کو مولانا رفیق احمد رئیس سلفی، انچارج لائبریری، پروفیسر خلیق احمد نظامی سینٹر آف قرآنک اسٹڈیز، مسلم یونی ورسٹی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اس میں جناب ابوسعد، ریسرچ اسکالر شعبۂ عربی، مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ نے 'قرآن کریم کا مطلوبہ انسان' کے عنوان سے مقالہ پیش کیا۔

☆ ۲۱-۲۲/اپریل ۲۰۱۸ء کو انسٹی ٹیوٹ آف آبجیکٹیو اسٹڈیز کے زیر اہتمام، جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی کے اشتراک سے دو روزہ کانفرنس اسماعیل راجی فاروقی کی حیات و خدمات پر منعقد ہوئی۔ اس میں جناب مجتبیٰ فاروق، رکن ادارہ نے شرکت کی اور 'اسماعیل فاروقی کا تصوّرِ علم و تعلیم' کے عنوان پر مقالہ پیش کیا۔

☆ ۲۹-۳۰/جون ۲۰۱۸ء کو انسٹی ٹیوٹ آف آبجیکٹیو اسٹڈیز نئی دہلی کے زیر اہتمام 'ترجمہ کا فن: مسائل اور امکانات' کے موضوع پر ایک دو روزہ ورک شاپ منعقد ہوئی۔ اس میں ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی کو ریسورس پرسن کی حیثیت سے مدعو کیا گیا۔ انھوں نے 'علمی و تحقیقی تحریروں کا ترجمہ اور اس کے تقاضے' کے عنوان سے ایک لیکچر دیا۔